[خیبر پختونخوا][1] اضافی اسسٹنٹ کمشنرز/علاقہ قاضی ملازمت کی مستقلی کا قانون 2012ء

[خیبر پختونخوا][2] کا قانون نمبر 7 سال 2012ء

عنوان

تمہید۔

دفعات

1۔ مختصر عنوان۔اور نفاذ۔

2۔ تعریفات۔

3۔ پیرانہ سالی کی تعین۔

4۔ بالاتری۔

1۔ 2011 کے خیبر پختونخوا قانون نمبر 4 کے ذریعہ تبدیل ہوا ہے۔ نوٹ (یہ کہ اس قانون میں جہاں بھی خیبر پختونخوا آیا ہے تو اس کو مذکورہ بالا قانون کے ذریعہ تبدیل کیا گیا ہے۔

[خیبر پختونخوا] اضافی اسسٹنٹ کمشنرز/علاقہ قاضی ملازمت کی مستقلی کا قانون 2012ء

[خیبر پختونخوا] کا قانون نمبر 7 سال 2012ء

اس قانون کے ذریعہ اضافی اسسٹنٹ کمشنرز/علاقہ قاضی کے کنٹریکٹ بنیادوں پر تعیناتی کو مستقل کرتا ہے۔

1۔ **تمہید۔**

عوامی مفاد میں اضافی اسسٹنٹ کمشنرز/علاقہ قاضی کے کنٹریکٹ ملازمت کو مستقل کیا جاتا ہے۔

2۔ **مختصر عنوان، اور نفاذ۔**

(1) اس قانون کو خیبر پختونخوا اضافی اسسٹنٹ کمشنرز/علاقہ قاضی ملازمت کی مستقلی کا قانون 2012ء کہلائے گا۔

(2) یہ قانون فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

3۔ **ذیل الفاظ کے معنی اس قانون میں یوں ہونگے۔**

a۔ ''کنٹریکٹ بھرتی'' مستحق افراد کی بھرتی جو کہ رائج العمل بھرتی قانون سے ہٹ کر بھرتی ہوئے تھے۔

b۔ ''ملازمین'' کا مطلب اضافی اسسٹنٹ کمشنرز/علاقہ قاضی جو کہ حکومت نے بروئے نوٹس نمبری SOS-II(S&GAD)2(9)95-II مورخہ 23 جولائی 1995ء کو بھرتی کیے تھے اور وہ اضافی اسسٹنٹ کمشنرز/علاقہ قاضی کے پوسٹ پر بوقت نفاذ قانون ہذا بھی کام کررہے ہیں جو کہ حکومت نے مختلف پوسٹوں پر لگائے ہیں۔

c۔ ''حکومت'' حکومت کا مطلب خیبر پختونخوا ہے۔

d۔ ''پوسٹ'' کا مطلب وہ پوسٹ ہے جو کہ خیبر پختونخوا کے سول سروس کا ہو یا خیبر پختونخوا کے امور کے متعلق ہو۔

3۔ کچھ ملازمین کی ملازمت کی مستقلی۔

وہ ملازمین جو اس قانون کے نفاذ سے پہلے تعینات ہوئے ہیں تو وہ خیبر پختونخوا سول ملازمین کے قانون 1973ء کے تحت سول ملازمین ہی تصور ہوں گے بلحاظ کسی عدالتی فیصلہ، حکم یا قوانین کے بشرطیکہ جو ملازمین اس قانون کے تحت مستقل ہوئے ہیں انکو کسی مساوی اسامی پر تعینات کیا جائے گا جس طرح حکومت معین کریگا اور وہ اس اسامی پر مستقل تعینات ہوں گے اور وہ اس کی سینارٹی اس اسامی کو جائن کرنے سے شمار ہوگی بلحاظ کسی قانون یا قواعد کے۔

4۔ سینارٹی کا تعین۔

ان ملازمین کے مابین سینارٹی اس تاریخ سے شمار ہوگی جس تاریخ کو انہوں نے اس پوسٹ پر مستقل کام شروع کیا ہو تو پھر جو عمر میں بڑا ہو وہ سینئر تصور ہوگا۔

5۔ بالائی اثر۔

بلحاظ کسی قانون یا قواعد اس قانون کو کسی دوسرے قانون یا قواعد پر ابتری حیثیت حاصل ہوگا اور اگر کوئی قانون یا قواعد اس سے متصادم ہونگے تو اس کا کوئی قانونی حیثیت نہیں ہوگا۔